Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ شعبان ۱۳۵۳ھ مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۴ء {جلد (۲۱)}

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام جلالت مآب اعلیٰحضرت ہمایوں بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم واقع ۲۵ نومبر ۱۹۳۲ء

بتنۂ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
بابتہ منظوری رخصت رعایتی ایکماہ مسٹر
ڈی آر شاہ ہیڈ دارالمہام [illegible] از ۱۵ نومبر ۳۲ء

حکم

مسٹر ڈی آر کو تین ماہ کی رخصت دیجاتی ہے ایک ماہ
کی رخصت رعایتی ہوگی اور دو ماہ کی رخصت بلا
تنخواہ ہوگی۔ برائے اجرائے احکام ضابطہ لازم مرسلہ
صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔
(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بنشاء حکم مشمولہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۵ نومبر ۳۲ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار واقع ۷ نومبر ۱۹۳۲ء

بتقریب جشن سالگرہ ۷ نومبر ۱۹۳۲ء سے
افسران فوج کو حسب تفصیل ذیل ترقی رینک
تنخواہ و الاؤنس کا دیا جانا منظور ہے
چونکہ لفٹنٹ کرنل ابرہتی صاحب گورنمنٹ پر واپس جا رہے ہیں۔ لہٰذا تا واپسی اپنی موجودہ
تنخواہ بدستور حسب "فرسٹ رامپور رضا انفنٹری"
سے پائیں گے۔

فرسٹ رامپور رضا انفنٹری

نمبر شمار	نام ملازم مع رینک	رینک جس پر ترقی دی گئی	تنخواہ مع الاؤنس موجودہ	اضافہ: تنخواہ	اضافہ: الاؤنس	کل تنخواہ مع الاؤنس
۱	میجر عزیز حسن خاں سکنڈان کمانڈ	کمانڈنگ افسر	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]
۲	کپتان عبدالطیف خاں ایڈجوٹنٹ	سکنڈان کمانڈ	[illegible] (تنخواہ [illegible]، الاؤنس [illegible])	·	[illegible]	[illegible]
۳	لفٹنٹ عبدالغفار خاں کمپنی کمانڈر	کپتان	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]
۴	لفٹنٹ فضل الٰہی درخاں	ایڈجوٹنٹ	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]
۵	سکنڈ لفٹنٹ شریف اللہ خاں	لفٹنٹ کوارٹر ماسٹر	[illegible] (تنخواہ [illegible]، الاؤنس [illegible])	[illegible]	·	[illegible]

نام ملازم مع رینک	رینک جو تجویز کی گئی	تنخواہ مع الاؤنس موجودہ	اضافہ تنخواہ	اضافہ الاؤنس	کل تنخواہ مع الاؤنس
صوبہ دار بانکے لال	سکنڈ لفٹنٹ	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]
صوبہ دار محمد جانخاں	سکنڈ لفٹنٹ	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]
جمعدار محمد شفیع خاں	صوبہ دار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]
جمعدار صاحبزادہ محمد رشید علیخان صاحب	صوبہ دار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]
حوالدار کرپا شنکر	جمعدار	[illegible] ۵/۶	[illegible] /۶	.	[illegible]
		[illegible] ۵/۶	[illegible] ۱۰/۶	[illegible]	[illegible]
			[illegible] ۱/۶		

رامپور روہیلا انفنٹرز

نام ملازم مع رینک	رینک جو تجویز کی گئی	تنخواہ مع الاؤنس موجودہ	اضافہ تنخواہ	اضافہ الاؤنس	کل تنخواہ مع الاؤنس
سکنڈ لفٹنٹ اسد یار خاں	لفٹنٹ	تنخواہ [illegible] الاؤنس [illegible] ماہے	[illegible]	.	[illegible]
			[illegible]		[illegible]

گورکھا کمپنی

نام ملازم مع رینک	رینک جو تجویز کی گئی	تنخواہ مع الاؤنس موجودہ	اضافہ تنخواہ	اضافہ الاؤنس	کل تنخواہ مع الاؤنس
سکنڈ لفٹنٹ کیشب ست	لفٹنٹ	[illegible] ماہے	[illegible]	.	[illegible]
		[illegible]	[illegible]	.	[illegible]
	میزان کل	[illegible] ۵/۶	[illegible] ۱۰/۶	[illegible]	[illegible]
			[illegible] ۱۰/۶		

تمام مصرحہ بالا مبلغ [illegible] روپیہ ماہوار منظور شدہ بجٹ سے زیادہ ہوتے ہیں۔ جنمیں سے مبلغ [illegible] روپیہ ماہوار کی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں [illegible] روپیہ ماہوار کی بجٹ رامپور روہیلا انفنٹرز میں اور روپیہ ماہوار کی بجٹ گورکھا کمپنی میں ضرورت ہے۔ چونکہ بجٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں سلسلہ بجٹ تنخواہ لفٹنٹ کرنل عبد القدیر خاں مرحوم مشاہرہ دار [illegible] کی گنجائش ہے۔ لہذا بجٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری

ہی منتقلی کی ضرورت نہیں بلکہ اس رقم میں سے بحساب [illegible] روپیہ ماہوار تا ختم سال [illegible] بجٹ [illegible] روہیلا انسرز میں اور بحساب [illegible] ماہوار [illegible] تا ختم سال حال بجٹ گورکھا کمپنی کی مد مشاہرات میں منتقل کر دیئے جائیں

اجلاس میں منتقلی رقوم کا نوٹ کر لیا جائے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

تعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات آرمی ہیڈ کوارٹرز کو بغرض اجرائے آرمی آرڈر بھیجے جائیں۔

۲۶ نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

تاریخ ۲۴ نومبر ۱۹۳۳ء

بذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری استعفائے مسٹر ڈورابجے تنخواہدار چار سو [illegible] از یکم دسمبر ۱۹۳۳ء حسب تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

حکم

بموجب رپورٹ مسٹر ڈورابجے کا یکم دسمبر ۱۹۳۳ء سے استعفاء منظور کیا جاتا ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۶ نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

تاریخ ۲۳ نومبر ۱۹۳۳ء

بذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے منظوری قائمی سلسلۂ ملازمت منشی اصغر علیخاں ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس والا بدیں شرط کہ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں دی جائیگی

حکم

منشی اصغر علیخاں ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس کا سلسلۂ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں دی جائیگی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۸ نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

تاریخ ۲۹ نومبر ۱۹۳۳ء

بذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارۂ عطائے منظوری رخصت [illegible] ماہ دسمبر جاری و اجازت تعطیل یکم جنوری ۱۹۳۴ء صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری بغرض [illegible]

حیدرآباد دفتر درخواستی

حکم

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ انجاری
کی رخصت رعایتی تیس (۳۰) یوم ماہ دسمبر ۱۹۳۴ء کی باجازت
استفادہ تعطیل یکم جنوری ۱۹۳۵ء منظور کیجاتی ہے۔
انکا کام صاحب چیف منسٹر بہادر اور صاحب
ریونیو منسٹر بہادر بمشورہ باہمی کسی ناظم کے سپرد کریں۔
کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسلوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(۲۹ نومبر ۱۹۳۴ء) (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

واقع ۲۹ نومبر ۱۹۳۴ء

نمبر یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
درباره صدور حکم منظوری رخصت رعایتی
یکماہ از یوم استفادہ صاحب سپرنٹنڈنٹ باغات
بغرض علاج اہلیہ خود و تبدیل آب و ہوا۔

حکم

آج کاغذات منسلکہ صاحب چیف منسٹر بہادر نے خود پیش
کئے اور سپرنٹنڈنٹ باغات کی خرابی صحت کا اظہار کرتے ہوئے
منظوری رخصت کی بابت زبانی عرض کیا۔
لہذا سید تنویر حسین سپرنٹنڈنٹ باغات کی
ایکماہ کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے

ایام رخصت میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ موتی گراب علاوہ
کام متعلقہ کے سپرنٹنڈنٹ باغات کا کام بھی انجام دینگے۔
کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از
سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۹ نومبر ۱۹۳۴ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر